نام: نقوش پائے مصطفیٰ ﷺ

تالیف: ابومحمد عبدالمالک

صفحات: ۳۷۵

قیمت: ۱۲۰۰روپے

ناشر: مکتبۃ العرب للطباعۃ والنشر۔سعید آباد۔کراچی

تبصرہ نگار: محمد جنید انور۔کراچی

زیر نظر کتاب ہمارے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کو تصویری وتحریری دونوں طور پر پیش کرتی ہے۔ کتاب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے وفات تک حیات طیبہ کا ترتیب وار بیان ہے۔اسی ضمن میں جہاں جہاں مقامات وآثار کا تذکرہ آتا گیا ان میں سے بیشتر کا تذکرہ ان کے قدیم وجدید پس منظر، وہاں پیش آنے والے مختلف واقعات اور ان آثار کی جدید تصاویر کے ساتھ کیا گیا ہے۔ کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

۱۔حیات سعیدہ کے پہلے چالیس سال۔اس حصے میں ۳۶ ذیلی عنوانات کی مدد سے مکی زندگی کے نبوت سے پہلے کے حالات کا بیان ہے۔

۲۔نبوت کے پہلے ۱۳سال۔اس حصے میں ۵۴ ذیلی عنوانات کے تحت نبوت کے بعد مکی زندگی کے ۱۳سال کے حالات ذکر کئے گئے ہیں۔

۳۔مدینہ منورہ کے شب وروز۔اس عنوان کے تحت مزید ۲۸۶ ذیلی عنوانات قائم کئے گئے ہیں، جن کے ذیل میں مدنی زندگی کے دس سالہ دور کے حالات ومقامات کا تفصیلی تذکرہ ہے۔

۴۔مدینہ منورہ میں آثار نبوی۔اس حصے میں ۶۹ ذیلی عناوین کی مدد سے نبی ﷺ سے منسوب مدینہ منورہ کے آثار و یادگار مقامات کا تعارف ہے، آخر میں سفر آخرت اور مرضِ وفات کا بیان ہے۔

چوں کہ فاضل مصنف بہ ذات خود ان مقامات مقدسہ کی زیارت کر چکے ہیں اس لئے کتاب میں بعض مقامات سے متعلق جدید اور تازہ معلومات اور تصاویر دی گئی ہیں۔مثلاً حضرت حلیمہ سعدیہ کی بستی، طائف، حدیبیہ، بنولحیان، تیماء، تبوک اور سفرِ ہجرت کا راستہ۔

کتاب کا اسلوب اور انداز بیان عام فہم اور سادہ ہے۔حوالہ جات کا اہتمام ہے مگر مکمل نہیں، نیز کتابیات میں شامل کتب کی مکمل معلومات درج نہیں کی گئیں۔بہ ہر صورت یہ کتاب اردو کتب سیرت کے ذخیرے میں ایک قابل قدر اضافہ ہے اور لائقِ مطالعہ ہے۔